2313 ـ سمندر میں گمشدہ شخص کی نماز جنازہ

سوال

کیا سمندر میں گمشدہ شخص پر قاضی کا اسے مردہ قرار دینے کے بعد نماز جنازہ ادا کی جائےگی ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب مندرجہ ذیل تھا:

سب تعریفات اللہ رب العالمین کے لیے ہیں، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے:

جی ہاں جب قاضی نے اس پر موت کا حکم لگا دیا ہے تو اس کی نماز جنازہ ادا کی جائےگی، کیونکہ ہمارے لیے ظاہر کے علاوہ کچھ نہیں، تو جس طرح جب قاضی اس کی موت کا حکم صادر کر دے تو اس کا مال بطور وراثت تقسیم ہو گا، اور اس کی بیوی عدت گزار کر شادی کے لیے حلال ہو گی، اور اسی طرح اس کی نماز جنازہ بھی ...